وزراء ڈاکٹر محمود احمد غازی اور راجہ محمد ظفر الحق بھی شامل ہیں۔

کتاب ردِ قادیانیت پر حرفِ آخر کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہر مسلمان کے لئے اس کا مطالعہ قادیانی دجل و فریب سے محفوظ رکھے گا۔ کتاب مضبوط جلد میں محفوظ کی گئی ہے اور ٹائٹل حسبِ عنوان تیار کیا گیا ہے۔

© rasailojaraid

## (۲)

نام کتاب : سوزِ دروں

مصنفہ : حمیرا عبید الرحمٰن

ضخامت : 148 صفحات

قیمت : 66 روپے

© rasailojaraid.

ملنے کا پتہ : (۱) ذُبائی منزل' A-577 ' بلاک J ' نارتھ ناظم آباد' کراچی

(۲) مکتبہ نورِ اسلام' رحمٰن مارکیٹ' غزنی سٹریٹ' اردو بازار' لاہور

سوزِ دروں اصلاحی افسانوں کا مجموعہ ہے۔ مصنفہ درد مند دل اور حساس جذبات رکھتی ہیں۔ اپنے اردگرد کے حالات سے گہرا تاثر لیتی ہیں۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں تحریر کا سلیقہ عطا کیا ہے اس لئے اُس کا شکر ادا کرنے کے لئے اپنی صلاحیتوں کو صراطِ مستقیم کی طرف چلنے کی دعوت دینے میں استعمال کرتی ہیں۔ اس کتاب میں دیئے گئے چھوٹے چھوٹے افسانے اسی جذبے کا مظہر ہیں۔

وعظ و نصیحت کا سلیقہ خود ایک بڑا نازک فن ہے' کیونکہ شائستگی کے ساتھ دی گئی نصیحت تو پُر تاثیر ہوتی ہے جبکہ وہی نصیحت اگر بھونڈے انداز میں کی جائے تو نہ صرف بے اثر رہے گی بلکہ نفرت کے جذبات ابھارے گی۔ مصنفہ میں تحریر کی شائستگی کا وافر ملکہ موجود ہے جو اِن پُر تاثیر افسانوں سے ظاہر ہے۔

اس مجموعے میں شامل ہر افسانہ ایک مختصر سی تحریر ہے جسے پڑھتے وقت صاف محسوس ہوتا ہے کہ مصنفہ ماحول کو عبرت کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور صورتِ حال کی

© rasailojaraid.